# RAMPUR STATE GAZETTE

# ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

| نمبر ۲۰ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۸ جمادی الاول سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۸ مئی سنہ ۱۹۱۱ء | جلد ۲۳ |


## فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | تقرر صاحبزادہ یوسف جمال خان بہادر ........ | ۱ |
| ۲ | اضافہ منشی کشن گوپال و منشی بال گوبند ماشران ........ | ۲ |
| ۳ | اضافہ بابو پرشاد و محمد حسن خان و سید فخرالدین ........ | 〃 |
| ۴ | رخصت لفٹنی صاحب فوج ........ | 〃 |
| ۵ | رخصت اہلمد بندوبست ........ | 〃 |
| ۶ | اضافہ اہلمد منشی عدالت دیوانی ........ | 〃 |
| ۷ | روبکار بابت طلب ہفتہ وار نقشہ جات مقدمات ........ | 〃 |
| ۸ | اضافہ محمد شفیع اہلمد ........ | 〃 |
| ۹ | اضافہ و تنزلی عہدہ ارشاد علیخان و نذیر حسین منگب ........ | ۳ |
| ۱۰ | تقرر واجد علی خان | |


### آمدی آمد پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۶ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

صاحبزادہ یوسف جمال خان بہادر لفٹنٹ صاحب فرسٹ بٹالین امپیریل سروس انفنٹری بشاہرہ تیس روپیہ ۲۲ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء سے جمعدار مقرر ہوں —

## ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

### اضافہ

۲۵ر اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر منشی کشن گوپال ماسٹر ہائی اسکول کا دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

۲۵ر اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر منشی بال گوبند ماسٹر ہائی اسکول کی تنخواہ میں پانچ روپیہ اضافہ منظور فرمایا گیا۔

۲۴ر اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ بخشی صاحب فوج دو روپیہ اضافہ بابو پرشاد و یک یک روپیہ اضافہ محمد نبی خان و سید فخرالدین کی تنخواہ میں منظور فرمایا گیا۔

### رخصت

۲۴ر اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

رخصت یکماہہ بخشی فوج بوجہ کارخانگی بکارکردگی منشی محمد علیخان نائب بخشی منظور فرمائی گئی۔

---

## ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

### رخصت

۲۶ر اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست رخصت دو ماہ منشی عباس علیخان اہلمد بندوبست بعوض ہدایت علیخان منظور کی گئی۔

---

## ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

### اضافہ

۲۵ر اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش مفتی صاحب عدالت دیوانی منشی عبدالجلیل اہلمد منشی عدالت دیوانی کی تنخواہ میں چار روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

## روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

### واقع ۲۲ر اپریل سنہ ۱۹۱۱ء

بجز عدالت ہاے فوجداری پرگنات کے اور کسی عدالت فوجداری سے نقشہ جات ہفتہ وار مقدمات نہیں آتے۔ عدالت اسپیشل مجسٹریٹی سے نقشہ مذکور آیا کرتا تھا مگر وہ بھی کچھ عرصہ سے نہیں آتا۔ چونکہ اس بارہ میں سابقاً ہدایتی احکام جاری ہوکر درج گزٹ بھی ہوچکے ہیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

عدالتہاے فوجداری ضلع و اسسٹنٹی درجہ اول و اسپیشل مجسٹریٹی سے دریافت کیا جائے کہ نقشہ جات ہفتہ وار حسب منشاء احکام مجریہ کیوں نہیں بھیجے جاتے ایک نقل روبکار درج گزٹ ہوکر بنا بر آیندہ ہدایت کیجائے کہ بمنشاء روبکار مورخہ ۱۳ر نومبر سنہ ۱۸۹۳ء مندرجہ گزٹ نمبر ۲۹ جلد نمبر ۵ ترتیب و تکمیل نقشہ جات کی کیجایا کرے۔

## ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

### اضافہ

۲ر مئی سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش مجسٹریٹ صاحب شاہ آباد یک روپیہ اضافہ محمد شفیع اہلمد جوڈیشل تحصیل شاہ آباد کا منظور کیا گیا۔

## حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر واقع ۲۴ اپریل ۱۱ء

جیب الرحمن خان پیشکار دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ کارخانجات بعہدہ نیابت افسر صاحب باورچیخانہ جات مقرر ہو گئے جگہ پیشکاری کی خالی ہے یوم تعیناتی پیشکار مذکور سے بعہدہ نیابت افسر صاحب باورچیخانہ جات کام پیشکاری کا ارشاد علیخان مشاہرہ دار نو روپیہ ماہوار ملازم کتب خانہ اور مرزا نذیر حسین بیگ پیشکار دفتر مذکور مشاہرہ دار تیرہ روپیہ انجام دیتے ہیں صاحب سپرنٹنڈنٹ کارخانجات کی خواہش ہے کہ ارشاد علیخان کا چھ روپیہ اضافہ اور مرزا نذیر حسین بیگ کا اضافہ سات روپیہ کیا جاوے۔ اور کام پیشکاری انجام دیں۔ ہماری رائے میں چار روپیہ اضافہ ارشاد علیخان اور چار روپیہ اضافہ مرزا نذیر حسین بیگ مناسب ہے۔ اور کام پیشکاری کا انجام دیں۔

لہذا حکم ہوا کہ

احکام اضافہ حسب ضابطہ جاری ہوں۔ تاریخ امروزہ سے اضافہ دیا جاوے۔ ارشاد علیخان کا نام کتب خانہ سے خارج ہو۔ دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ کارخانجات میں درج ہو۔

## حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر واقع ۲۵ اپریل ۱۱ء

بملاحظہ ڈی او صاحب چیف سکرٹری بہادر ۱۱ اپریل ۱۱ء مشمولہ عرضی محمد علیخان کمانڈنگ افسر تھرڈ اسکواڈرن بدین خلاصہ کہ حضور انور کو کمانڈنگ صاحب کی پرورش ملحوظ خاطر ہے بر او مہربانی انکی عرضی پر لحاظ مناسب فرمایا جاوے

حکم ہوا کہ

تقرر پیارے خان ہمشیرہ زادہ رسالدار محمد علیخان بہادر بعہدہ ...... بمشاہرہ بارہ روپیہ جو واجد علیخان پانا ہوا منظور ہے۔ احکام مناسب جاری ہوں۔

---